نیوز ریلیز
شعبۂ تعلقات عامہ
سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

(Posted on March 10, 2006)

ہیلی کاپٹروں کے ذریعہ ریکارڈ 14 ہزار ٹن امدادی سامان
زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں پہنچا دیا گیا

اسلام آباد (10 ِ مارچ 2006ء) ___ امریکی چینوک CH 47 ہیلی کاپٹر اب تک زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں دو کروڑ 80 لاکھ پاؤنڈ (14 ہزار ٹن) امدادی سامان پہنچا چکے ہیں۔ چینوک ہیلی کاپٹروں نے اکتوبر کے مہینے میں فضائی امدادی آپریشن شروع کیا تھا۔

اس وقت امریکی اور اتحادی فوجوں کے آٹھ چینوک CH 47 اور رائل آسٹریلین ایئر فورس کے چار S-70 ہیلی کاپٹروں پر مشتمل فضائی بیڑا زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں امدادی آپریشن میں مصروف ہے۔ ٹاسک فورس ایگل یکم فروری 2006ء تک دو کروڑ پاؤنڈ وزن امدادی سامان متاثرہ علاقوں میں پہنچانے کا سنگ میل عبور کر چکی ہے۔

اب جبکہ امدادی کاموں کا رُخ طویل مدت تعمیر نو کی جانب ہو چکا ہے، پاکستان میں ہنگامی امداد کے امریکی مرکز کے ہیلی کاپٹر زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں لوگوں کی مدد کر رہے ہیں۔ چینوک ہیلی کاپٹر روزانہ نیلم، جہلم اور الائی کی وادیوں میں پرواز کرتے ہیں۔ امدادی سامان کے علاوہ، چینوک ہیلی کاپٹروں کے ذریعہ بیج اور کھاد بھی وہاں پہنچائی جا رہی ہے تاکہ زرعی علاقوں میں موسم بہار کی فصل کاشت کی جا سکے۔

روایتی طریقے کی نسبت جس میں عام طور پر ہاتھ سے سامان ہیلی کاپٹر پر چڑھایا اور اتارا جاتا ہے، امدادی سامان کو جال کے ذریعہ لٹکا کر لے جانے اور اتارنے میں نصف گھنٹے کی بچت ہوتی ہے۔ 15 ِ دسمبر سے جال کے ذریعہ لٹکا کر سامان ہیلی کاپٹر کے ذریعہ متاثرہ علاقوں میں لے جانے کا سلسلہ شروع ہوا جس سے روزانہ لے جانے والے امدادی سامان کی مقدار دوگنا ہو گئی ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3